Volume X
No. 24

SP—X—24—76 (E)
250

THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Wednesday, December, 29, 1976

CONTENTS

	Pages
Starred Questions and Answers	173
The Representation of the People Bill, 1976—*Passed* ...	174
The Holders of Representative Offices (Prevention of Misconduct) Bill, 1976—*Opening speech made*	248
Leave of Absence	249

PRINTED AT THE MERCANTILE PRESS, 42, CHAMBERLAIN ROAD, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

Price : Paisa 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Wednesday, December 29, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qur'an.)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman : Now, we take up questions.

Malik Mohammad Akhtar (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Sir, no Minister has turned up today, so I would request that the questions may be deferred.

خواجہ محمد صفدر (قائد اختلاف) : ویسے میں محترم وزیر قانون سے التماس کروں گا کہ وہ اپنے رفقائے کار سے کہیں کہ وہ اپنے فرائض منصبی پر توجہ کریں -

ملک محمد اختر : وہ کسی میٹنگ میں مصروف ہیں جس کی وجہ سے وہ نہیں آئے - میں تو میٹنگ چھوڑ کر آ گیا ہوں - مجھے تو مولانا صاحب کی نوکری اور آپ کی تابعداری کرنی ہے -

Sir, there is some meeting. The Ministers are busy over there, so, I apologise on their behalf.

Mr. Chairman : Well, it appears from the record that the questions relate to the Ministry of Mir Taj Mohammad Khan Jamali—absent, Mr. Hafeezullah Cheema—absent, then Ch. Jahangir Ali—absent. Malik Sahib, have you marked their absence in your record ?

Malik Mohammad Akhtar : Sir, they are all busy.

Mr. Chairman : No, but they are all absent, so none of the questions can be taken.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, we can take up these questions some time later.

Mr. Chairman : Four Ministers concerned are not present. Khawaja Sahib, have you got any objection to the postponement of these questions ? Maulana Sahib, have you got any objection ?

Khawaja Mohammad Safdar : No objection, Sir.

Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi : No objection, Sir.

Mr. Chairman : So, the questions are postponed to some other day when the Ministers concerned are present.

THE REPRESENTATION OF THE PEOPLE BILL, 1976

Mr. Chairman : Yesterday I was not in the Chair, and I believe that first reading of the Bill was over. I would like to know how many clauses had been actually adopted.

Malik Mohammad Akhtar : Upto Clause 10, Sir. Now, we may start with amendment No. 9 of Clause 11.

Mr. Chairman : Do you mean that Clauses 2 to 10 had been adopted ?

Malik Mohammad Akhtar : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Now, we take up Clause 11. There are so many amendments in that Clause.

Excuse me for disturbing you. Is there any agreement for today ?

Malik Mohammad Akhtar : Yes, Sir, we agreed to finished the Bill at about . . . . .

Khawaja Mohammad Safdar : Maximum at 2.00.

Malik Mohammad Akhtar : And then, Sir, I will encroach upon the time of the House for only five minutes if they agree.

خواجہ محمد صفدر : خبر نہیں ہمیں یہ کیا خبر سنائیں گے -

Malik Mohammad Akhtar : I will request only for five minutes and not for six minutes, and then we will disperse for tomorrow.

Mr. Chairman : So, this Bill has to be finished, if not earlier, at the latest by 2.00.

Malik Mohammad Akhtar : Yes, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اگر آپ اجازت دیں تو میں کلاز ۱۱ کی ترامیم اکٹھی ہی ایوان کے سامنے پیش کر دوں -

جناب چیئرمین : یہ پانچ ترامیم ہیں - جی اکٹھی ہی موو کر لیں -

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 11, in sub-clause (2), in para (a), the word "six" be substituted by the word "fifteen".

Amendment No. 10 not moved. No. 11.

Sir, I beg to move :

> "That in Clause 11 of the Bill, in sub-clause (2), para (d) be substituted by the following :
>
> "(d) a day, at least fifty days after the nomination day, for the taking of the poll in case the general elections are being held to an Assembly following its dissolution ; and a day at least seventy-five days after the nomination day for the taking of the poll in case the term of the Assembly is due to expire, which has necessitated the holding of the general elections."

No. 12 not moved, Sir.

جناب والا ! ۱۳ نمبر جناب شہزاد گل صاحب کی ترمیم ہے -

Mr. Shahzad Gul : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 11, in sub-clause (2) (d), the word "forty-two" be substituted by the word "fifty-two."

Mr. Chairman : The amendments moved are :

> "That in Clause 11, in sub-clause (2), in para (a), the word "six" be substituted by the word "fifteen".
>
> "That in Clause 11 of the Bill, in sub-clause (2), para (d) be substituted by the following :
>
> "(d) a day, at least fifty days after the nomination day, for the taking of the poll in case the general elections are being held to an Assembly following its dissolution ; and a day at least seventy-five days after the nomination day for the taking of the poll in case the term of the Assembly is due to expire, which has necessitated the holding of the general elections."
>
> "That in Clause 11, in sub-clause (2) (d), the word "forty-two" be substituted by the word "fifty-two."

Malik Mohammad Akhtar : Opposed, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اس موضوع پر کل پرسوں ایوان کی دونوں جانب سے خاصی گفتگو ہو چکی ہے اور میں ان دلائل کو دہرانا نہیں چاہتا ہوں ۔ میں نے دو مقاصد کے لیے اس میں ترامیم پیش کی ہیں ایک تو یہ کہ جب اسمبلی ختم ہو جائے تو اس کے کم از کم پندرہ دن کے اندر ایک نوٹیفیکشن جاری ہو گا جس میں الیکشن کا پروگرام درج ہوگا اور زیر بحث مسودہ قانون میں اس کے لئے چھ دن کی میعاد رکھی گئی ہے ۔

جناب چیئرمین : ختم ہونے کے بعد چھ دن کی ؟

خواجہ محمد صفدر : جی ہاں ، نہیں جناب مجھ سے غلطی ہو گئی کیونکہ نوٹیفیکیشن کے بعد چھ دن دیئے گئے ہیں جن میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے ہیں ۔ پہلے مجھ سے غلطی ہو گئی لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ نوٹیفیکیشن کے بعد کم از کم پندرہ دن دیئے جائیں جن کے اندر کاغذات نامزدگی داخل کیے جائیں اور اس کی وجہ میرے نزدیک یہ ہے کہ چونکہ آئین کے تحت محترم وزیر اعظم صاحب کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جس وقت چاہیں اسمبلی کو توڑ دیں اور ڈیزولوشن کی صورت میں دو دن کے اندر الیکشن کمیشن نوٹیفیکیشن جاری کرے گا ۔ ظاہر ہے کہ دو دن کوئی لمبی میعاد نہیں ہے اور اس نوٹیفیکیشن کے چھ دن کے اندر یہ توقع کی جائے کہ سیاسی پارٹیاں یا دوسرے لوگ جو کہ انتخابات میں دلچسپی رکھتے ہیں وہ اپنے آپ کو اس کام کے لیے تیار کر لیں گے ۔ تو میری رائے میں یہ توقع کرنا عبث ہے اس لیے انہیں کم از کم دو ہفتے کی مہلت ملنی چاہئیے کہ سیاسی پارٹیاں سوچ بچار کے بعد اپنے اپنے نمائندوں کا انتخاب کر سکیں اور اگر کسی شخص نے آزاد امیدوار کے طور پر حصہ لینا ہو اور وہ آزاد امیدوار کے طور پر الیکشن لڑنا چاہتا ہو تو وہ اپنا انتظام وغیرہ کر سکے ۔ اس لیے میں یہ چاہتا ہوں کہ چھ دن کی میعاد نوٹیفیکیشن کے بعد نامزدگی دن تک کم ہے اور نا مناسب ہے اس میں اضافہ ہونا چاہئیے اور اسے چھ کی بجائے پندرہ دن کر دینا چاہئیے ۔

جناب والا ! میری دوسری ترمیم اس کلاز کی سب کلاز (۲) کے پیرا (ڈی) میں ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ پیرا (ڈی) اس طرح پڑھا جائے گا :

> "(d) a day, at least forty-two days after the nomination day... .."

جناب والا ! کاغذات نامزدگی کی تاریخ سے لے کر ووٹ ڈالنے کے دن تک ۴۲ دن دیئے گئے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ کم از کم میعاد ہے اور ارباب اقتدار اس کو بڑھا سکتے ہیں ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ کم سے کم میعاد

ہے لیکن بعض دوستوں کا خیال یہ ہے کہ شاید اس میں کوئی آئینی پابندی ہے تو میری رائے میں اس پر کوئی آئینی پابندی نہیں ہے کیوں کہ کل ۴۸ یا ۴۹ دن الیکشن کی پوری مہم کے لئے دیئے جائیں اور جیسا کہ آپ دیکھیں گے اور کل بھی میں نے عرض کیا تھا اب اس کی طرف اشارہ کئے دیتا ہوں کہ اگر قدرتی طور پر نیشنل اسمبلی کی میعاد ختم ہو جائے اور انتخابات اس پہلے ساٹھ دن کے اندر ہونے ہوں تو ساٹھ دن کے بعد بھی ہو سکتے ہیں - کیوں کہ یہ ضروری نہیں ہے - ستر دن میں ہو سکتے ہیں - اسی دن میں ہو سکتے ہیں اور پھر ساٹھ دن سے آخری چودہ دن نکال دیئے جائیں کیوں کہ الیکشن کا اعلان اسمبلی کی معیاد ختم ہونے کے چودہ دن پہلے ہونا چاہیے ، تو باقی ۴۶ دن رہ جاتے ہیں اور اگر یہ حساب لگائیں تو یہ تصور کیجئے کہ آئینی پابندی ہے اور اس سے زیادہ دن نہیں دیئے جا سکتے ہیں تو اس کلاز میں پہلے ہی خود ۴۹ دن دیئے گئے ہیں اس لیے میرے اس دعوی کی تائید ہوتی ہے کہ اس میعاد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اور اگر اسمبلی اپنی پوری میعاد کے بعد ختم ہو ، اپنی میعاد پوری کرنا چاہے تو دوسری صورت یہ ہے کہ قبل از وقت اسمبلی توڑ دی جائے - تو اس صورت میں نوے دن کے اندر آپ نے انتخابات مکمل کرنے ہیں - اس میں آخری چودہ دن چھوڑ دیئے جائیں - کیوں کہ انتخابات کا اعلان ہونے کے بعد ظاہر ہے باقی ۷۶ دن نامزدگی سے لے کر پولنگ کے دن تک ہم استعمال کریں گے اور یہاں پابندی ہے اور دن بڑھ نہیں سکتے ہیں لیکن ساٹھ دن سے ہم بڑھ سکتے ہیں جیسا کہ خود اس مسودہ قانون میں دیا ہے - ہم ساٹھ دن سے باہر آئے ہیں لیکن نوے دن کی پابندی ہے کیونکہ نوے کے اکانوے دن نہیں ہو سکتے ہیں - ان نوے دنوں کا حساب کرتے ہوئے میں نے یہ ترمیم دی ہے بجائے اس کے کہ دونوں صورتوں میں اسمبلی ڈیزالو ہو تو اس صورت میں ستر دن نامزدگی کے بعد پولنگ کے دن تک مؤثر ہونے چاہیں اور ان دونوں کے درمیان ستر دن کا فاصلہ ہو - اگر قدرتی طور پر اسمبلی اپنی موت مرتی ہے تو اس صورت میں میں نے عرض کیا ہے کہ پچاس دن ملنے چاہیں تو میرے خیال میں میں نے یہ تجویز تمام پارٹیوں کے نکتہ نظر کو مدنظر رکھتے ہوئے دی ہے اور اس کو شاید حزب اقتدار بھی پسند کرے کیونکہ انہیں بھی زیادہ دن ملنے چاہیں اور جہاں تک حزب اختلاف کا تعلق ہے وہ تو شدت سے اس کی ضرورت محسوس کرتے ہیں کیونکہ حزب اقتدار کے پاس تو ایسی ایجنسیاں ہیں جن کے ذریعے میری اطلاعات کے مطابق انہوں نے اپنے امیدواروں کا کسی حد تک انتخاب مکمل کر لیا ہے حزب اختلاف کی کسی پارٹی کے پاس کوئی ایسی ایجنسی نہیں ہے جس کے ذریعے وہ آج ہی انتظام کر سکے لیکن وہ کوشش کریں گے اور اگر معقول دن ملیں گے تو اس صورت میں وہ اپنے نمائندوں کا انتخاب کر سکتی ہے لیکن اگر دن نہ ملے تو

[Khawaja Mohammad Safdar]

ظاہر ہے کہ افراتفری ہو گی ، بد نظمی ہو گی اور اس بل کا جو مقصد ہے وہ درست طور پر پورا نہیں ہو سکے گا کہ انتخابات آزادانہ اور منصفانہ ہوں اور عوام کی رائے کا پورا پورا عکس ان انتخابات کے نتیجے کے طور پر سامنے آئے ، تو مجھے افسوس ہے کہ ہم ایسا نہیں کر سکیں گے اس لیے درخواست ہے کہ میری ترمیم قبول فرمائی جائے ۔

جناب شہزاد گل : جناب والا ! یہ حساب کتاب کا مسئلہ ہے خواجہ صاحب نے دو پہلو مد نظر رکھے ہیں ۔ ایک اس پہلو کو مدنظر رکھا ہے کہ اگر موجودہ اسمبلی میعاد پوری کرتی ہے اور جس طرح کہا جا رہا ہے کہ وقت پر انتخابات ہوں گے تو اس صورت میں جب اسمبلی کی میعاد پوری ہوتی ہے تو ۶۰ دن میں انتخابات ہوں گے ۔ ۶۰ سے پہلے نوٹیفیکیشن ہو گا اور نوٹیفیکیشن پر بھی دو دن لگ جائیں گے ۔ ایک دن اس کے شائع کرنے میں لگ جائے گا اور ایک دن اعلان ہو گا پھر نوٹیفیکیشن سے چھ دن کے بعد نامینیشن پیپرز داخل کرانے ہوں گے اس طرح ۸۰ دن ہوگئے اور باقی ۵۲ دن رہ گئے تو یہ ۵۲ دن کی میعاد انتخابی مہم کے لیے رکھی جانی ضروری ہے اس لیے میری گذارش ہے کہ ۴۲ دن کی بجائے ۵۲ دن رکھے جائیں اور اس کے مطابق ۹۴ دن میں سے یہ دن نکال دئیے جائیں تو باقی ۴۲ دن پراپیگنڈا کے لیے رہ جاتے ہیں اس طرح ۱۱ دن باقی رہ جاتے ہیں جس طرح خواجہ صاحب نے کہا ہے کہ ہم ۶۰ دن سے گراس کرتے ہیں اگر ۱۴ دن کی میعاد سے پہلے نتائج کا اعلان کیا جائے گا تو وہ ۶۰ دن سے آگے جاتا ہے نتائج کے گزٹ کی وجہ سے یہ میعاد ۵۲ دن تو میرے خیال میں مناسب ہو گی اور حزب اختلاف کو عوام کے سامنے نکتہ نظر پیش کرنے میں کچھ زیادہ وقت مل جائے گا ۔

Mr. Chairman : Thank you.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, I would only submit that there are two situations for the holding of the general elections to an Assembly. Firstly, if the Assembly is dissolved, and secondly if it completes its tenure. In both cases fourteen days are reserved for the declaration of the result of election. So, in the first case it is ninety days and fourteen days and in the second case sixty days and fourteen days. Sir, as a matter of fact I must straightaway concede that the Opposition and the majority party agreed in principle on this timing, and the Opposition further demanded that in order to ensure that the Government honours its commitment, these days may be brought in the law instead of being left at the choice of the Commission or being prescribed by rules. So, Sir, it is based on an agreement, and I request my friends that either way the period is prescribed and we cannot go beyond the period which has been prescribed under Article 224 of the Constitution.

Now, Sir, the position is that once the Assembly is dissolved, within two days the Chief Election Commissioner has to call for the nomination papers. Then within six days the nomination papers are to come, and then a minimum of forty-two days for the taking of the poll. He can make this forty-two days or fifty-two days according to his discretion, and according to the availability of the time. So we should not further bind the discretion of the Chief Election Commissioner. Let us leave it to him and let us hope for the best. I consider the time as contemplated to be given for nomination and holding of polls is reasonable. We consider it for hours in a Committee and then arrived at this calculation. I request that it may be accepted. That is most appropriate distribution of time.

Mr. Chairman : Now, I will put the question.

The question before the House is :

> "That in Clause 11, in sub-clause (2), in para (a), the word 'six' be substituted by the word 'fifteen'."

> "That in Clause 11 of the Bill, in sub-clause (2), para (d) be substituted by the following :

> '(d) a day, at least fifty days after the nomination day, for the taking of the poll, in case of the general elections to be held to an Assembly following its dissolution, and a day at least eighty days after the nomination day, for the taking of the poll in case the term of the Assembly is expiring, which has necessitated the holding of general elections.' "

> "That in Clause 11 in sub-clause (2) (d) the word 'forty-two' be substituted by the word 'fifty-two'."

(*The motion was negatived*)

Mr. Chairman : The amendments are rejected.

The question before the House is :

> "That Clause 11 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Clause 11 stands part of the Bill. Next.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 12 of the Bill, sub-clause (5) be substituted by the following :

[Khawaja Mohammad Safdar]

'(5) If any person subscribes to more than one nomination papers, all such nomination papers except the one received first by the Returning Officer, shall be void.' "

Mr. Shahzad Gul : Sir, I beg to move :

"That in Clause 12 in sub-clause (5), the following words shall be added at the end :

'except the one received first by the Returning Officer'."

Mr. Chairman : The amendments moved are :

"That in Clause 12 of the Bill, sub-clause (5), be substituted by the following :

'(5) If any person subscribes to more than one nomination papers, all such nomination papers except the one received first by the Returning Officer, shall be void'."

"That in Clause 12 in sub-clause (5), the following words shall be added at the end :

'except the one received first by the Returning Officer.'"

Well, both the amendments aim at the same thing. There is a difference of wording, but the purpose is the same.

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir, the purpose is the same.

Malik Mohammad Akhtar : Opposed.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! کل میں نے محترم وزیر قانون صاحب کو کہا تھا کہ جہاں کہیں بھی اس مسودہ قانون کو تیار کرتے وقت سابقہ قوانین سے انحراف کیا گیا وہیں اس کی صورت بگاڑ دی ہے - جناب چیئرمین ! زیر بحث کلاز ۱۲ کی سب کلاز ۵ کی غرض و غائیت جیسا کہ مسودہ قانون میں دیا گیا ہے یہ ہے کہ ایک شخص تجویز کنندہ یا تائید کنندہ کسی ایک کاغذات نامزدگی پر دستخط کر دے اور کسی اور پر بھی دستخط کر دے تو یہ سارے کاغذات نامزدگی جن پر اس کے دستخط موجود ہیں ، مسترد تصور کئے جائیں گے - یہ انہوں نے اپنی طرف سے امپروومنٹ کی ہے - ہمارے نکتہ نظر سے یہ اس قانون کی منافی ہے -

جناب چیئرمین ! میرے پاس دو قواعد ہیں نیشنل اینڈ پروانشیل اسمبلی ایکٹ ۱۹۶۲ء اور اس کی بھی کلاز ۱۲ سب کلاز (۵) کے الفاظ یہ ہیں :

"National and Provincial Assemblies Election Act of 1962, section 12, sub-clause (5) :

'A person may be nominated for the same constituency by more than one nomination paper provided that no person shall subscribe to more than one nomination paper either as proposer or as a seconder and if any person subscribes to more than one nomination, all such nomination papers except the one received first by the Returning Officer shall be void.'"

میری تجویز یا ترمیم میں وہی الفاظ ہیں ، جو ۱۹۶۴ء کے اس قانون میں ہیں ، جو آج سے بارہ سال قبل اس ملک میں نافذ تھا اور آج اس میں ترمیم لائی جا رہی ہے - اس میں جناب سیکشن ۱۲ ہے - اس کا بھی سب سیکشن (۵) یوں ہے :

"(5) If any person subscribes to the nomination of more than one candidate, all nomination papers to which he has subscribed, shall be void."

اور آج کم و بیش سولہ سال کے لگاتار تجربے کے بعد اور متواتر دو مختلف حکومتوں نے ، پہلی حکومت سابق صدر ایوب خان کی تھی ، جن کے زمانے میں یہ قانون بنا - دوسری حکومت یحییٰ خان کی تھی ، جن کے زمانے میں ۱۹۷۰ء کا یہ قانون بنا - تو انہوں نے یہی مناسب خیال کیا کہ بعض اوقات لوگوں کو جبر اور مجبوری سے کسی دوسری نامینیشن پر اس کے تجویز کنندہ یا تائید کنندہ کی حیثیت سے دستخط کرا لیے جاتے ہیں اور ایسے واقعات ہوئے ہیں - آپ بہتر جانتے ہیں کہ صوبہ سرحد میں کیا ہوا ، یا کسی اور صوبے میں کیا ہوا - میں ان کو دہرانا نہیں چاہتا - لیکن ایسے واقعات ہوئے کہ ایک شخص 'الف' نے پہلے کاغذات نامزدگی داخل کیے اور دوسرے شخص 'ب' نے اسے اٹھایا اور اپنے گھر لے گیا اور زبردستی اس سے دستخط کرائے اور وہ کاغذات نامزدگی بھی چلے گئے - ان کو روکنے کے لیے یہ کر لیں کہ سارے کاغذات نامزدگی - - - -

Mr. Chairman : In Frontier the man is dead now.

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir, the man is dead.

اس طور پر اگر اس بات کی اجازت دی جائے کہ ریٹرننگ افسر صاحب ایسے تمام کاغذات نامزدگی مسترد کر دیں جن پر ایک ہی شخص کے تجویز کنندہ یا تائید کنندہ کی حیثیت سے دستخط ہوں تو میرے خیال میں یہ انصاف کے منافی ہو گی

[Khawaja Mohammad Safdar]

اور جو زور آور لوگ ہیں ، جو صاحب اقتدار ہیں ، جن کے پاس قوت ہے وہ دھاندلی کرنے کی کوشش کریں گے - اس لیے میری تجویز یہ ہے کہ جو کاغذات نامزدگی پہلے داخل ہو چکے ہیں وہ درست تسلیم کیے جائیں اور اس شخص کی طرف سے جتنے بھی اس کے بعد کاغذات آئیں ، ان کو مسترد کر دیا جائے - ان الفاظ کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ جو سابقہ راستہ اور ڈگر تھی ، درست تھی - اسی پر گامزن رہنا چاہیے ، نیا راستہ نہیں تلاش کرنا چاہیے - جو اصلاح محترم وزیر قانون نے سابقہ قانون میں فرمائی ہے ، وہ اصلاح کی بجائے زیادہ دقتوں اور مشکلات کے مترادف ہو گی -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! مختصر بات میں بھی عرض کروں گا اس سے ایک قسم کی بے اعتمادی امیدوار ، اس کے تجویز کنندہ اور تائید کنندہ کے درمیان پائی جائے گی - اگر کسی امیدوار کے کاغذات نامزدگی پر کوئی تجویز کنندہ یا تائید کنندہ دستخط کر دے تو وہ ان کو باہر نہیں جانے دے گا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ کسی دوسرے کاغذات پر دستخط کر دے - اپنے پاس کسی طریقے سے اس وقت تک رکھے گا جب تک کہ وقت ختم نہیں ہو جاتا - ایسا نہ ہو کہ کوئی دوسرا اسے بھگا لے جائے یا دوسرا شخص اس سے دستخط لے لے -

جناب چیئرمین : ایسے کچے آدمی سے وہ دستخط کیوں لیتے ہیں ؟

جناب شہزاد گل : لیکن ہو ہی جاتا ہے جناب والا !

جناب چیئرمین : وہ اپنے سارے حلقے میں سے پچاس ہزار ، لاکھ ایکڑ زمین سے ایسا آدمی سیلیکٹ کرے گا جس پر اس کو اعتماد نہ ہو اور اسے پنجرے میں بند کرے گا !

جناب شہزاد گل : ایسا ہو سکتا ہے کہ وہ بھگا لے جائے اور زبردستی کسی دوسری نامزدگی پر دستخط لے کر داخل کر دے تو امیدوار کے جینون کاغذات مسترد ہو جائیں گے - یہ نیشنل اینڈ پراونشیل اسمبلیز آرڈیننس ۱۹۷۰ میں پراویزن تھی -

Mr. Chairman : Khawaja Sahib, I want to know just for my information whether subscribe means to propose or to second.

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir, both.

Mr. Chairman : Supposing a man is proposed by 'A' and seconded by 'B'. So, if 'A' subscribes to the nomination papers of somebody else, then only 'A' not 'B', or supposing, 'A' and 'B' propose and second Malik

Sahib and supposing 'A' only and not 'B' subscribes to my paper, then Malik Sahib's papers become null and void, because there is no proposer then.

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, both will be rejected.

Mr. Chairman : I see. Yes?

(*At this stage a number of Senators stood up to speak*)

Mr. Chairman : Let one of them may reply. One of you can. It is not necessary that Malik Sahib should also speak. You can also reply.

Mr. Qamaruz Zaman Shah : I do not want to make a speech. I merely wanted to inform them that in case they do not have one or two people of their confidence in their constituency, then why are they filing the nomination papers? This was number one. Number two, Sir, in the previous laws there was no provision of a declaration to be filed by the proposer or the seconder.

Khawaja Mohammad Safdar : There was. You are mistaken.

Mr. Chairman : No, there was. There was.

Mr. Qamaruz Zaman Shah : They will not be filing a false declaration that he has not proposed anybody else.

جناب شہزاد گل : موجودہ بل میں فالس ڈیکلریشن کے لئے پینالٹی نہیں ہے - پینالٹی کو دیکھیں - کاغذات نامزدگی میں تجویز کنندہ اور تائید کنندہ نے جو ڈیکلریشن داخل کئے اگر وہ غلط ہیں تو ان کو یہ سزا ہوگی - یہاں کوئی پراویزن ہی نہیں -

Malik Mohammad Akhtar : In what capacity is Mr. Shahzad Gul speaking ?

Khawaja Mohammad Safdar : He is replying to them.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, I will not wind up. My friend has given a good answer.

Mr. Chairman All right. I will put the amendment.

The question before the House is :

> "That in Clause 12 of the Bill, in Clause 12, sub-clause (5) be substituted by the following :
>
> "(5) If any person subscribes to more than one nomination paper, all such nomination papers except the one received first by the Returning Officer, shall be void.""

[Mr. Chairman]

"That in Clause 12, in sub-clause (5), the following words shall be added at the end :

'except the one received first by the Returning Officer.'"

(*The motion was rejected*)

Mr. Chairman : The two amendments are lost.

Now, the question before the House is :

"That Clause 12 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Clause 12 forms part of the Bill.

Now, Clause 13. There is no amendment to Clauses 13 and 14.

Khawaja Mohammad Safdar : There is amendment to Clause 14.

Mr. Chairman : What is it about ?

Khawaja Mohammad Safdar : About scrutiny of nomination papers.

Mr. Chairman : So, the question before the House is :

"That Clause 13 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Clause 13 forms part of the Bill. Now, we take up amendments to Clause 14.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

"That in Clause 14 of the Bill, in sub-clause (3), para (d) be omitted."

Sir, I beg to move :

"That in Clause 14 of the Bill, sub-clauses (6) and (7) be omitted."

Mr. Shahzad Gul : Sir, I beg to move :

"That in Clause 14, in sub-clause (3) (d), in the proviso para (ii) after the word "forthwith" a

full stop be substituted for "comma" and the subsequent words be deleted."

Sir, I beg to move :

"That in Clause 14, sub-clause (6) be deleted."

Mr. Chairman : There are four amendments. I put them to the House.

The amendments before the House are :

"That in Clause 14 of the Bill, in sub-clause (3), para (d) be omitted."

"That in Clause 14 of the Bill, sub-clauses (6) and (7) be omitted."

"That in Clause 14, in sub-clause (3) (d), in the proviso para (ii) after the word "forthwith" a full stop be substituted for "comma" and the subsequent words be deleted."

"That in Clause 14, sub-clause (6) be deleted."

Malik Mohammad Akhtar : Opposed, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! کاغذات نامزدگی کی پڑتال کے متعلق کلاز ۱۴ میں وہ طریقہ کار درج کیا گیا ہے ، اور وہ وجوہات بیان کی گئی ہیں کہ ریٹرننگ آفیسر صاحب کن حالات میں کسی کاغذات نامزدگی کو مسترد کر سکتے ہیں - میری پہلی ترمیم اس سلسلے میں یہ ہے کہ کلاز ۱۴ میں ایک وجہ یہ بھی درج ہے ، جس کی بناء پر ریٹرننگ آفیسر کاغذات نامزدگی مسترد کر سکتے ہیں کہ کوئی شخص اعتراض کرتا ہے کہ تجویز کنندہ یا تائید کنندہ کے دستخط جعلی ہیں -

اس اعتراض کو سننے کے بعد ریٹرننگ آفیسر نامینیشن پیپرز کو مسترد کر دے گا - جناب والا ! اسپر میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ وہ پروسیجر نہیں دیا گیا ہے جس کے تحت یہ انکوائری کی جائے گی کہ آیا یہ جینیون ہیں یا جعلی ہیں ، اس کا کوئی طریقہ نہیں دیا گیا ہے - صرف اتنا کہنا ریٹرننگ آفیسر کے لئے کافی ہے اور اگر وہ کسی کی حمایت رعایت کرنا چاہے تو کر سکتا ہے - اس کو کوئی کہتا ہے کہ تجویز کنندہ کے دستخط جعلی ہیں ، اس نے کہا اچھا یہ جعلی ہیں ، صرف اتنا کہنے سے اس نے دوسرے امیدوار کے نامینیشن پیپرز مسترد کر دئے - میں چاہتا ہوں کہ اس طریقہ کار کی وضاحت کی جائے کہ ریٹرننگ آفیسر کس قسم کی انکوائری کرے گا اس بات کے متعلق کہ آیا یہ پیپرز پر دستخط تائید کنندہ کے جعلی ہیں یا اصلی ہیں تو پھر تو میری تسلی ہو جاتی ہے لیکن یہ طریقہ کار جو اس کلاز ۱۸۶

[Khawaja Mohammad Safdar]

میں دیا گیا ہے ، جو درج کیا گیا ہے یہ کافی نہیں ہے -

جناب والا ! دوسری کے متعلق میں نے اپنی ترمیم پیش کی ہوئی ہے اس کا میں نے کل بھی ذکر کیا تھا اور مثال دی تھی اور وہ یہ ہے کہ میں نے عرض کیا تھا کہ کلاز ۱۴ کی سب کلاز (۶) اور (۷) کو حذف کر دیا جائے وہ کس بنیاد پر وہ اس لیے - - -

جناب چیئرمین : یہ جو آپ نے فرمایا ہے نمبر ۳ جو ہے :

"The Returning Officer may, either on his own motion or upon any objection, conduct such summary inquiry as he may think fit and may reject a nomination paper if he is satisfied........"

خواجہ محمد صفدر : سمری انکوائری کے متعلق کہا گیا ہے -

جناب چیئرمین : آپ نے کہا ہے کہ پروسیجر نہیں دیا گیا ہے -

خواجہ محمد صفدر : نہیں سر ! مجھے اصل میں یہ کہنا چاہیے تھا کہ ناکافی ضابطہ دیا گیا ہے -

جناب چیئرمین : پہلے بھی تو یہ سمری انکوائری ہے -

خواجہ محمد صفدر : ان باتوں کا عمل آپ کے سامنے ہے -

جناب چیئرمین : میں عمل کی بات نہیں کرتا میں تو آئینی بات کر رہا ہوں - پہلے بھی سمری انکوائری کے متعلقہ سابقہ دونوں قوانین میں اسی قسم کے الفاظ ہیں - Bound to conduct the summary inquiry.

خواجہ محمد صفدر : اس میں بھی سمری انکوائری موجود ہے -

جناب چیئرمین : میں عرض کرتا ہوں کہ :

For my own information.

آپ نے کہا ہے کہ ایک شخص نے ریٹرننگ آفیسر کے سامنے اعتراض کیا ہے کہ دستخط جعلی ہیں تو وہ کہتا ہے کہ اچھا -

I uphold your objection, and I reject the papers on the ground that the signature is not genuine. I want to draw your attention to this fact that he is bound to conduct the inquiry although it is a summary inquiry, but he must conduct the inquiry.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ اس قسم کے کام جو لوگ کرتے ہیں وہ ایسا کرتے ہیں کہ پروپوزل کنندہ کو یا تجویز کنندہ کو اپنے

قبضے میں لینے کے بعد وہ اسے بھگا دیتے ہیں اور وہ غیر حاضر ہو جاتا ہے تو پھر اس کے بعد اعتراض کرتے ہیں جناب والا ! سمری انکوائری میں کیا ہوتا ہے کہ ریٹرننگ آفیسر کہتا ہے کہ لاؤ بھائی اس آدمی کو ، وہ آدمی تو ہوتا نہیں ہے اس لیے سمری انکوائری اسی اسٹیج پر ختم ہو جاتی ہے -

جناب والا ! دوسری ترمیم جو میں نے اس کلاز کے متعلق پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ اس کلاز کی سب کلاز (۶) اور (۷) کو حذف کیا جائے -

ملک محمد اختر : اس پر آپ نے کل کافی آرگومینٹس دیئے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : میں انہیں دہرانا نہیں چاہتا - جناب والا ! مثال کے طور پر میں عرض کرتا ہوں کہ میرے پاس الیکشن کے قوانین ۱۹۶۴ء اور ۱۹۷۰ء جو کہ مرکزی اور صوبائی اسمبلیوں سے متعلق ہیں ، اور جو گذشتہ بارہ سال سے اس ملک میں رائج ہیں ، موجود ہیں - ان دونوں میں یہ سب کلازیں موجود نہیں ہیں اور ان سب کلازز پر میں سمجھتا ہوں کہ شاید محترم وزیر قانون نے غور نہیں کیا ورنہ وہ انہیں اپنی دانش مندی ، عقلمندی اور فراست کی بناء پر کبھی نہ رکھتے۔ انہوں نے اس پر غور ہی نہیں کیا اور یہ نادانستہ طور پر رہ گئی ہیں ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کہنا کہ ۳ دن کے اندر اگر کمیشن کسی کی اپیل کا فیصلہ نہیں کرے گا تو وہ از خود مسترد سمجھی جائے گی ، یہ میرے خیال میں حد درجہ خلاف عقل بات ہے - اگر وقت کمیشن کے پاس نہیں ہے تو اس کی سزا اپیل کننده کو نہیں ملنی چاہئیے - یہ کہاں کا انصاف ہے کہ وقت ایک کے پاس نہیں ہے اور سزا دوسرے کو ملے - چاہئیے تو یہ تھا کہ قانون اس طرح کا ہوتا کہ اگر کمیشن ۳ دن کے اندر فیصلہ نہیں کر سکے گا تو اس کی سزا کمیشن کو دی جائے گی - وہ بات تو سمجھ میں آنے والی تھی لیکن یہ کہاں کا انصاف ہے کہ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی تو ایک فریق کرے گا لیکن اس کی سزا دوسرے فریق ، اپیل کننده کو ملے گی - اس غرض کے لیے میں نے اپنی ترمیم اس ایوان میں اسے حذف کرنے کے لیے پیش کی ہے -

جناب چیئرمین : جناب شہزاد گل -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! جو باتیں کہی گئی ہیں میں ان کو دہراؤں گا نہیں لیکن یہ کلاز ۱۴ جو ہے اس کی (۳) تک سب کلازز ہو بہو سابقہ قوانین میں موجود ہیں - یہ ۱۹۷۰ء کے قانون کی بالکل کاپی ہے لیکن جیسا کہ بحث کے دوران میں پہلے کہا گیا ہے کہ جہاں پر سابقہ قانون سے انحراف کیا گیا ہے - - -

ملک محمد اختر : جناب والا ! میں شہزاد گل سے مؤدبانہ گذارش کروں گا کہ خدا کے لیے کوئی نئی بات کریں پہلے بھی جو باتیں دہرائی گئی ہیں ان کو اب

[Malik Mohammad Akhtar]

پھر یہ دہرا رہے ہیں - یہ پہلے اپنی بات کو دہراتے ہیں پھر کسی دوسرے معزز ممبر کی بات کو دہراتے ہیں - میں ان سے عرض کرتا ہوں کہ اگر ان باتوں کو چھوڑ دیں تو یہ چیزیں ان کے بہتر پالیمنٹرین بننے میں مدد گار ثابت ہو سکتی ہیں -

Khawaja Mohammad Safdar : Thank you very much.

جناب چیئرمین : یہ بہتر نہ ہوتا کہ آپ انہیں کہنے کی بجائے مجھے کہتے اور میں ان کو پھر کہتا ؟

ملک محمد اختر : جناب والا ! اس طرح پھر اعتراض ہو جاتا ہے اور پھر جھگڑا پیدا ہوتا ہے -

جناب چیئرمین : آپ جھگڑے کی بات کرتے ہیں - جھگڑا تو اب بھی پیدا ہو گیا ہے میں نے کہا ہے کہ کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ آپ مجھے شکایت کرتے ؟

ملک محمد اختر : جناب والا ! میں معذرت خواہ ہوں -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! سابقہ قانون کی کلاز ۱۴ کی جو سب سیکشن ہیں - - - - - -

جناب چیئرمین : آپ کے درمیان جو اگریمنٹ ہوا ہے آپ اس پر برقرار رہیں -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میں ایکسپلین کرتا ہوں کہ آپ کے سامنے جو مسودہ قانون ہے آپ اس کے پیرا (ڈی) کو پڑھیں :

> "The Returning Officer shall not reject a nomination paper on the ground of any defect which is not of a substantial nature and may allow any such defect to be remedied forthwith........"

یہ تو سمجھ میں آ سکتی ہے کہ اگر نارمل ڈیفیکٹ ہو تو یہ ٹھیک ہے :

> "......including an error in regard to the name, serial number in the electoral roll or other particulars of the candidate, his proposer or seconder so as to bring them in conformity with the corresponding entries in the electoral roll."

یہ سابقہ قانون میں ہے اس سے آگے آپ پڑھیں تو پھر نامینیشن پیپرز کی کیا ضرورت یعنی اگر نامینیشن پیپرز غلط ہوں ، ان میں نام غلط لکھا گیا ہو ، ولدیت غلط لکھی گئی ہو ، اس کا نمبر غلط لکھا گیا ہو اس کے پروپوزر کا یا سیکنڈر کا نام غلط ہو تو وہ کہتے ہیں کہ اس کی درستی کر دی جائے گی - تو جناب والا ! میں

عرض کرتا ہوں کی پھر نامینیشن پیپرز کی حیثیت بے معنی ہو جاتی ہے یہ چیزیں تو سبسٹینسیو ڈیفیکٹ میں آتی ہیں اس لیے میں نے عرض کیا ہے اور اس غرض کے لیے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ یہ جو ، سابقہ قوانین کی نسبت سے زیادہ پرووِیژن لائی گئی ہے ، یہ حذف کی جائے تا کہ سمجھ میں آ سکے کہ نامینیشن پیپرز کی بھی حیثیت ہے اور اس میں بھی احتیاط برتی جائے ۔ اس لیے میری یہ ترمیم قبول کی جائے ۔

Malik Mohammad Akhtar : Sir, I think, the apprehension is not justified. No Returning Officer is being empowered to make any substantial modification in any of the nomination papers. Again, the appeals are to be disposed of within a prescribed period as it is given in clause 6, because otherwise elections cannot be held within a stipulated period. Then, for the purposes of service, announcement on the Radio and through other news media should be considered to be sufficient.

Mr. Chairman : I think, it is clear, because it says—

> "shall not reject a nomination paper on the ground of any defect which is not of a substantial nature."

Usually, the grounds are very minor. It further says :

> "...........and may allow any such defect to be remedied forthwith including an error in regard to the name........."

اب یہ دیکھیے کہ ایسا ہو سکتا ہے کہ مثلاً مولانا شاہ احمد نورانی وہاں لکھا ہوا ہے اور نورانی کا 'نون' نہیں ہے یا احمد کی 'ح' نہیں ہے یا مولانا کا 'نون' نہیں ہے تو وہ یہ اعتراض کر سکتا ہے اور ایسا انٹری کے وقت ہو جاتا ہے ۔ وہ کہہ سکتا ہے کہ وہ بھول گیا ہے وہ سبسٹانشیل نہیں ہے لیکن اگر مولانا صاحب کی جگہ شہزاد گل لکھا ہوا ہے تو It is not of unsubstantial nature.

یہ پہلے بھی ہوتا رہا ہے ۔

This is quite clear.

Malik Mohammad Akhtar : I oppose it, Sir. Now, you can put the question.

Mr. Chairman : All right. I will now put the amendments.

The question before the House is :

> "That in Clause 14 of the Bill, in sub-clause (3), para (d) be omitted."

[Mr. Chairman]

Question is :

"That in Clause 14 of the Bill, in sub-clause (3) (d) in the proviso para (ii) after the word 'forthwith' a full stop be substituted for 'comma' and the subsequent words be deleted."

Next is :

"That in Clause 14, sub-clause (6) be deleted."

Next is :

"That in Clause 14 of the Bill, sub-clause (6) and (7) be omitted."

(*The motions were negatived*)

Mr. Chairman : The amendments are rejected.

Now, the question is :

"That Clause 14 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Now, we take up Clause 15. There is no amendment to Clause 15, I suppose. Am I right ?

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Now, I put the question straightaway.

The question is :

"That Clause 15 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Now, we take up Clause 16 in which amendments have been given. Yes, Khawaja Sahib No. 20.

Khawaja Mohammad Safdar : Not moving No. 20.

Mr. Chairman : No. 20 not moved.

Khawaja Sahib, you tell me that Clause 16 is about what. Only one word will do.

Khawaja Mohammad Safdar : About withdrawal.

Mr. Chairman : All right. This is about the withdrawal of candidature. Mr. Shahzad Gul, please move your amendment.

Mr. Shahzad Gul : Sir, I beg to move :

> "That Clause 16, sub-clause (1) be substituted by the following :-
>
> '(1) Any validly nominated candidate may, by notice in writing signed by him and delivered to the Returning Officer by such candidate in person, on or before the withdrawal day, withdraw his candidature.'"

Mr. Chairman : The amendment moved is :

> "That in Clause 16, sub-clause (1) be substituted by the following :
>
> '(1) Any validly nominated candidate may, by notice in writing signed by him and delivered to the Returning Officer by such candidate in person, on or before the withdrawal day, withdraw his candidature.'"

Mr. Mohammad Akhtar : Opposed.

Mr. Chairman : Supposing I am lying indisposed in hospital. How do you suppose me to go to the polling station or to the Returning Officer ? Supposing I can't deliver it to the Returning Officer, nothing will happen.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! اس میں دوسرا پروویژن بھی ہے ، دوسری صورت بھی ہے کیوں کہ انتخابات کے پولنگ ڈے سے چار دن قبل ریٹائرمنٹ کا نوٹس دیا جا سکتا ہے کہ میں ریٹائر ہو گیا ہوں تو وہ وڈراول تصور ہو گا اور اس کی سکیورٹی ضبط نہیں ہو گی - دوسری کلاز ۱۷ بھی اسی طرح ہے - اس قسم کے خدشات جو ہیں کہ کوئی بوگس کارروائی اس پروویژن کی وجہ سے نہ ہو ، اس غرض سے میں نے یہ ترمیم دی ہے کہ impersonate یا erosion کر کے کوئی جعلی دستخط کر دے تو اس طرح نوٹس لکھا جائے اور وہاں داخل کر دیا جائے - ان خدشات کے پیش نظر یہ ترمیم میں نے دی ہے کہ اس قسم کا کوئی واقعہ نہ ہو اور اگر کوئی واقعی وڈڈرء ہونا چاہتا ہے تو وہ دے دیا جائے اس طرح اس کی سکیورٹی وغیرہ بھی ضبط نہیں ہو گی اور پولنگ ڈے سے چار دن پہلے وہ ریٹائر ہو سکتا ہے - اس ایوینچویلٹی اور ان خدشات کو رفع کرنے کے لیے یہ ترمیم دی گئی ہے -

Mr. Afzal Khan Khoso : Sir, I respectfully submit that this has already covered in the Clause 16, sub-clause (1), and I don't think it is necessary, because not only the Senator is trying to limit this scope

[Mr. Afzal Khan Khoso]

of the candidate, whereas his scope is more wide over here, not only he himself, but his purposer and seconder can go and file the withdrawal application duly signed by the candidate. So, I think, this more effective.

Mr. Chairman : The question is :

> "That in Clause 16, sub-clause (1) be substituted by the following :
>
> '(1) Any validly nominated candidate may, by notice in writing signed by him and delivered to the Returning Officer by such candidate in person, on or before the withdrawal day, withdraw his candidature.' "

(The motion was negatived)

Mr. Chairman : Now, I put the clause.

The question is :

> 'That Clause 16 forms part of the Bill.'

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : Clause 16 forms part of the Bill.

Now, we take up Clause 17.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, Mr. Shahzad Gul is not moving his amendment No. 22.

Mr. Chairman : You are not moving. What is it about ?

Khawaja Mohammad Safdar : It is about retirement.

Clause 16 was about withdrawal and now this Clause is about retirement.

Mr. Chairman : Withdrawal comes only when you deliver the nomination papers, and this retirement is before that.

Khawaja Mohammad Safdar : At least four days before the polling day.

Mr. Chairman : I see. Yes, you move your amendment.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

"That in Clause 17 of the Bill, sub-clause (3) be substituted by the following :

'(3) On receiving a notice of retirement under sub-section (1), the Returning Officer shall, if he is satisfied that the signature on the notice is that of the candidate, cause a copy thereof to be affixed at a conspicuous place in his office, and shall also publish it in such manner as he may think fit.' "

(At this stage Presiding Officer, Mr. Ahmad Waheed Akhtar, occupied the Chair.)

Mr. Presiding Officer : The amendment moved is :

"That in Clause 17 of the Bill, sub-clause (3) be substituted by the following :

'(3) on receiving a notice of retirement under sub-section (1), the Returning Officer shall, if he is satisfied that the signature on the notice is that of the candidate, cause a copy thereof to be affixed at a conspicuous place in his office, and shall also publish it in such manner as he may think fit.' "

Malik Mohammad Akhtar : Opposed.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! آپ کلاز ۱۶ کو ملاحظہ فرمائیں جو ابھی ابھی اس ایوان نے منظور کی ہے - اس کلاز ۱۶ کی سب کلاز (۳) یہ ہے -

"Clause 16 (3) : 'On receiving a notice of withdrawal under sub-section (1), the Returning Officer shall......"

It is very important,

'if he is satisfied, that the signature on the notice is that of the candidate, cause a copy of the notice to be affixed at a conspicuous place in his office.'

اب کلاز ۱۷ کی سب کلاز (۳) کو دیکھئے - اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں -

'if he is satisfied that the signature on the notice is that of the candidate.

یہ الفاظ نہیں ہیں - اب صورت حال کیا ہے ؟ محض ایک نوٹس چلا جاتا ہے وہ خود دیتا ہے یا اس کا ایجنٹ دیتا ہے یا کوئی اور آدمی دیتا ہے اور اپنے آپ کو impersonation کر کے جعلی طور پر دے دیتا ہے - اب اس کلاز کو اس طور پر

[Khawaja Mohammad Safdar]

رکھا جائے جس طرح کہ ۱۶ کو رکھا ہے اور ۱۷ میں ہے کہ ریٹرننگ آفیسر کو تحقیقات کی ضرورت نہیں ہے - وہ پابند نہیں ہے کیونکہ ایک نوٹس آیا اور اب وہ واپس تو ہو نہیں سکتا ہے اور اس نے اپنے دفتر کے باہر لٹکا دیا اور اس کو مشتہر بھی کر دیا کہ فلاں آدمی الیکشن سے دستبردار ہو گیا ہے ، ریٹائر ہو گیا ہے تو میں نے وہی الفاظ لکھے ہیں جو بعینہ ان کی زبان میں ودڈراول کے نوٹس کے متعلق کلاز ۱۶ میں جو درج تھے - جس طرح ودڈراء کے نوٹس کے متعلق جناب چیئرمین یہ احتیاط لازم ہے کہ ریٹرننگ آفسر کم از کم تھوڑا بہت تو پتہ کر لے کہ اس پر امیدوار کے دستخط ہیں یا نہیں ہیں - اسی طرح یہاں بھی وہ تھوڑی بہت تحقیق اور جستجو اس بات کی کر لے ، یہ میں نے تجویز کیا ہے کہ آیا نوٹس آف ریٹائرمنٹ پر امیدوار کے اپنے دستخط ہیں یا کسی نے جعلی دستخط کر دیئے ہیں - ویسے بھی جناب چیئرمین ! قانون بناتے وقت اس کی ساری باڈی اور سارے متن کو ایک جیسا رکھنا چاہئے ایک ہی قسم کی زبان استعمال کرنی چاہیے اگر ایک جگہ سیف گارڈ کی ضرورت ہے تو سیف گارڈ ہونا چاہیے اور اگر دوسری جگہ بھی سیف گارڈ کی ضرورت ہے تو اسی طرح کا سیف گارڈ دوسری جگہ بھی ہونا چاہیے اس لیے میں نے یہ تجویز پیش کی ہے -

Malik Mohammad Akhtar : I think, it is merely an apprehension. He is bound to hold inquiry in any circumstances.

Mr. Presiding Officer : The question before the House is :

> "That in Clause 17 of the Bill, sub-clause (3) be substituted by the following :
>
> "(3) On receiving a notice of retirement under sub-section (1), the Returning Officer, shall, if he is satisfied that the signature on the notice is that of the candidate, cause a copy thereof to be affixed at a conspicuous place in his office, and shall also publish it in such manner as he may think fit."

(The motion was negatived)

Mr. Presiding Officer : The amendment stands rejected.

Now, the question before the House is :

> "That Clause 17 forms part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer : Clause 17 forms part of the Bill.

The question before the House is :

"That Clauses 18, 19 and 20 form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer : Clauses 18, 19 and 20 form part of the Bill. Now, it is Clause 21 and amendment No. 24. It is by Mr. Shahzad Gul.

Mr. Shahzad Gul : Sir, I beg to move :

"That in Clause 21 in sub-clause (1) para (a) be substituted by the following :

'(a) allocate to a contesting candidate the prescribed symbol for his political party and if he is an independent contesting candidate any prescribed symbol, except those specified for political parties and in so doing shall, so far as possible, have regard for any preference indicated by the candidate at the time of filing his nomination papers.'"

Mr. Presiding Officer : Khawaja Sahib, you also move your amendment.

Khawaja Mohammad Safdar : I beg to move :

"That in Clause 21 of the Bill, in sub-clause (1), after para (a), the following proviso be added :

'Provided that the Commission shall direct that the same symbol be allocated to the candidates belonging to the same political party.'"

Mr. Presiding Officer : The amendments moved are :

"That in Clause 21 in sub-clause (1) para (a) be substituted by the following :

'(a) allocate to a contesting candidate the prescribed symbol for his political party and if he is an independent contesting candidate any prescribed symbol, except those specified for political parties and in so doing shall, so far as possible, have regard for any preference indicated by the candidate at the time of filing his nomination papers.'"

"That in Clause 21 of the Bill, in sub-clause (1), after para (a), the following proviso be added :

[Mr. Presiding Officer]

'Provided that the Commission shall direct that the same symbol be allocated to the candidates belonging to the same political party.' "

Malik Mohammad Akhtar : The amendments are opposed.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میں نے یہ ترمیم اسبیگویٹی کو دور کرنے کے لیے دی ہے - اس طرح جناب والا ! سب کلاز (۱) کے پیرا (اے) میں یہ درج ہے کہ :

"(a) allocate, subject to any direction of the Commission, one of the prescribed symbols to each contesting candidate, and in so doing shall, so far as possible, have regard for any preference indicated by the candidate at the time of filing his nomination papers.' "

اب جناب والا ! سیمبل جیسے جیسے سیاسی پارٹیوں کو الاٹ کیے جاتے ہیں جیسے کہ حکمران جماعت کا سیمبل تلوار ہے ، لالٹین ہے ، ہر پارٹی کا سیمبل ہوگا - ہر پارٹی کو ایک سیمبل الاٹ کیا جائے گا - اگر کسی پارٹی کا کسی کانسٹیچوئینسی میں امیدوار نہیں ہے اور ایک پارٹی کو ایک سیمبل الاٹ ہوتا ہے تو اس کے جیسا سیمبل اس آزاد امیدوار کو نہ دیا جائے - اس طرح پھر ووٹر کے ذہن میں ابہام پیدا ہوگا - ان کے ذہن میں تذبذب پیدا ہوگا - ایک آزاد امیدوار کسی دوسری پارٹی کا سیمبل لے گا تو وہ اسے پارٹی کے نام سے استعمال کرے گا اور اس طرح کافی غلط فہمیاں پیدا ہوں گی - اگر اس قسم کی کوئی پابندی اس بل میں نہ ہو تو جھگڑا کھڑے ہونے کا امکان ہے - فرض کیجیے میں ایک آزاد امیدوار ہوں اور میں کہتا ہوں مجھے تلوار کا سیمبل دے دیا جائے جو کہ حکمران پارٹی کا نشان ہے - میں اپنا ناسینیشن پیپر دیتے وقت تلوار کو پریفرنس دیتا ہوں کہ مجھے تلوار دے دو اور حکمران پارٹی کا کوئی آدمی آتا ہے اور کہتا ہے کہ تلوار تو ہماری جماعت کا نشان ہے تم نے کیسے لے لیا - جناب والا ! اس طرح پھر جھگڑا کھڑا ہونے کا امکان ہے - جناب والا ! اس قانون میں ایسی شق ہونی چاہیے کہ جو نشان پہلے کسی سیاسی جماعت کو الاٹ کیے جا چکے ہوں تو وہ نشان پھر کسی آزاد امیدوار کو نہ الاٹ کیے جائیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : فرمائیے خواجہ صاحب -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں نے اس ترمیم کے ذریعے صرف اس کلاز کی وضاحت کی ہے کہ کمیشن اس قسم کی ہدایات جاری کرے کہ ایک سیاسی جماعت کے نمائندوں کو ملک بھر میں یا صوبہ بھر میں یا صوبائی اسمبلی کا انتخاب ہو تو پارٹی کو ایک ہی سیمبل ملے -

Malik Mohammad Akhtar : Sir, it can be adopted by rules, and we will adopt it under the rules.

Mr. Presiding Officer : The question before the House is :

"That in Clause 21, in sub-clause (1), para (a) be substituted by the following :

'(a) allocate to a contesting candidate the prescribed symbol for his political party and if he is an independent contesting candidate any prescribed symbol, except those specified for political parties and in so doing shall, so far as possible, have regard for any preference indicated by the candidate at time of filing his nomination papers.'"

And :

"That in Clause 21 of the Bill, in sub-clause (1), after para (a), the following proviso be added :

'Provided that the Commission shall direct that the same symbol be allocated to the candidates belonging to the same political party.'"

(*The motion was negatived*)

Mr. Presiding Officer : The amendments stand rejected.

The question before the House is :

"That Clause 21 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Presiding Officer : Clause 21 forms part of the Bill.

The question before the House is :

"That Clauses 22, 23 and 24 stand part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Presiding Officer : Clauses 22, 23 and 24 stand part of the Bill.

Now, it is Clause 25. There are amendments to it. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Mohammad Safdar : I beg to move :

"That Clause 25 of the Bill be substituted by the

[Khawaja Mohammad Safdar]

following :

"25. Polls for a general election for an Assembly shall be held on the same day. If the general election for the National Assembly and a Provincial Assembly are both due, the polls for both the Assemblies shall be held simultaneously :

Provided that, if the Commission is satisfied that polls cannot take place in a constituency on account of a natural calamity or for any other reason beyond its control, the Commission may fix another day for holding the poll in that constituency."

جناب صدارت کنندہ آفیسر : شہزاد گل صاحب آپ بھی اپنی ترمیم پیش کر دیں ۔

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میں یہ موو نہیں کر رہا ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ اسے موو نہیں کر رہے ؟

جناب شہزاد گل : جی ۔

Mr. Presiding Officer : The amendment moved is :

"That Clause 25 of the Bill be substituted by the following :

'25. Polls for a general election for an Assembly shall be held on the same day. If the general election for the National Assembly and a Provincial Assembly are both due, the polls for both the Assemblies shall be held simultaneously :

Provided that, if the Commission is satisfied that polls cannot take place in a constituency on account of a natural calamity or for any other reason beyond its control, the Commission may fix another day for holding the poll in that constituency."

Malik Mohammad Akhtar : Opposed.

Mr. Presiding Officer : It is opposed.

خواجہ محمد صفدر : اس موضوع پر اس ایوان میں خاصی بحث کل پرسوں ہوئی ہے میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا ۔ میں صرف اپنے ان دوستوں کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں جنھوں نے یہ اعتراف کیا تھا کہ چاروں اسمبلیوں میں سے کسی وقت کسی اسمبلی کو کوئی چیف منسٹر توڑ سکتا ہے ۔ اس لیے میں نے یہ ترمیم اس طور پر رکھی ہے کہ اگر نیشنل اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے انتخابات

بھی ہونے والے ہوں - یہ نہیں کہ نیشنل اسمبلی چل رہی ہے صوبائی اسمبلی بھی چل رہی ہے ، تو دونوں کے انتخابات ہو سکتے ہیں - وہ تو بے معنی ہوگا اس لیے میں نے عرض کیا ہے کہ دو اسمبلیوں کے نیشنل اسمبلی اور اس کے ساتھ کسی صوبائی اسمبلی کے اگر قانونی طور پر آئینی طور پر الیکشن ہونے والے ہیں پھر تو دونوں ایک دن ہوں - پھر ان دونوں الیکشنز میں اختلاف ، دوری وقفہ اور نہ رکھا جائے- اس ملک کے سرمایہ کو بچایا جائے اور لوگوں کا وقت بھی بچایا جائے -

Malik Mohammad Akhtar : Sir, the position is very clear. As I explained, Clause 25 contemplates simultaneous election as well as elections to a single Assembly, and, therefore, no further amendment is necessary.

Mr. Presiding Officer : The question before the House is :

"That Clause 25 of the Bill be substituted by the following :

